شعبۂ امور عامہ، سفارتخانہ امریکہ، نئی دہلی

پریس ریلیز

امریکن ایمبیسی، شانتی پتھ، چانکیہ پوری، نئی دہلی۔۱۱۰۰۲۱ فون: ۲۴۱۹۸۰۰۰(۱۱۔۹۱) ایکسٹنشن: ۸۸۲۲
فیکس: ۲۴۱۹۸۸۱۷۔(۱۱۔۹۱) انٹرنیٹ: http://newdelhi.usembassy.gov

خواتین اول کی جانب سے مقامی طلباً کو کتابوں کا عطیہ

نئی دہلی 11 اپریل 2011: امریکی سفیر ٹموتھی رومر کی اہلیہ محترمہ سیلی رومر نے ثقافتی سیکریٹری جو ہر سرکار کے ہمراہ آج امریکن سینٹر میں منعقد ایک تقریب میں دس مقامی اسکولوں کو ایک ہزار کتابوں کا عطیہ پیش کیا۔ یہ کتابیں امریکی خاتون اول مشیل اوباما اور محترمہ گرشرن کور کے بیچ دوستی کی علامت ہیں۔

محترمہ رومر اور دہلی پبلک لائبریری بورڈ کی چیئر پرسن محترمہ شیلجہ چندرا نے خواتین اول کی کتابوں سے محبت کا ذکر کیا اور بتایا کہ دونوں خواتین تعلیم و مطالعہ کو کتنی اہمیت دیتی ہیں۔ محترمہ رومر نے محترمہ اوباما کے اپنے شوہر کے ہمراہ نومبر 2010 میں ہندوستان کے دورہ کی عکاسی کی اور یاد کیا کہ امریکی خاتون اول اور صدر ہندوستانی نوجوانوں اور انکی سیکھنے کی شدید خواہش سے کس قدر متاثر ہوئے تھے۔

اسکولی کتابیں قصے کہانیوں اور تفریحی و معلوماتی نان فکشن مضامین پر مشتمل ہیں، اور اس طور پر تیار کی گئی ہیں کہ پرائمری اور ثانوی طلباً کو امریکی تواریخ، ثقافت، اور تاریخی شخصیات سے متعارف کرایا جا سکے۔ کتابوں کے علاوہ اسکولوں کو امریکن لائبریری کی اعزازی ممبر شپ دی گئی اور ایک امریکی رضا کار کے لئے آئندہ کبھی کتابیں پڑھنے کے لئے اسکول کا دورہ کرنے کا متبادل بھی پیش کیا گیا۔

جن اسکولوں کو کتابیں پیش کی گئیں انکے نام ہیں: کیندریہ ودیالیہ آئی این اے کالونی، کیندریہ ودیالیہ اینڈریوز گنج، سروودئے ودیالیہ، درباری لال ڈی اے وی ماڈل اسکول، کیندریہ ودیالیہ آر کے پورم، ڈی اے وی اسکول یوسف سرائے، کیندریہ ودیالیہ اے جی سی آر انکلیو، ٹیگور انٹرنیشنل، ہنس راج ماڈل اسکول اور گورنمنٹ سروودئے مہرم نگر۔

☆☆☆